# ایک گائے اور بکری

کسی ندی کے پاس اک بکری — چرتے چرتے کہیں سے آنکلی
جب ٹھہر کر اِدھر اُدھر دیکھا — پاس اک گائے کو کھڑے پایا
پہلے جھک کر اُسے سَلام کیا — پھر سلیقے سے یوں کلام کیا
کیوں بڑی بی! مزاج کیسے ہیں! — گائے بولی کہ خیر اچّھے ہیں
کٹ رہی ہے بُری بھلی اپنی — ہے مصیبت میں زِندگی اپنی



not to be republished

آدمی سے کوئی بھَلا نہ کرے — اِس سے پالا پڑے، خُدا نہ کرے
دوُدھ کم دوں تو بڑبڑاتا ہے — ہوں جو دُبلی، تو بیچ کھاتا ہے
اِس کے بچّوں کو پالتی ہوں میں — دوُدھ سے جان ڈالتی ہوں میں
سُن کے بکری یہ ماجَرا سارا — بولی، ایسا گِلہ نہیں اچھّا
یہ چراگہ، یہ ٹھنڈی ٹھنڈی ہَوا — یہ ہَری گھاس اور یہ سایا
یہ مزے آدمی کے دَم سے ہیں — لُطف سارے اُسی کے دَم سے ہیں
قدر آرام کی اگر سمجھو — آدمی کا کبھی گِلہ نہ کرو
گائے سُن کر یہ بات شرمائی — آدمی کے گِلے سے پچھتائی
دِل میں پرکھا بھَلا بُرا اُس نے — اور کچھ سوچ کر کہا اُس نے

یوں تو چھوٹی ہے ذات بکری کی
دل کو لگتی ہے بات بکری کی

(علامہ اقبال)

© NCERT not to be republished

## 1. لفظ اور معنی

چرنا : جانوروں کا گھاس یا چارہ کھانا
مِزاج : طبیعت

| | | |
|---|---|---|
| گِلہ | : | شکایت |
| چراگہ | : | چرنے کی جگہ، اسے چراگاہ بھی کہتے ہیں |
| لُطف | : | مزہ |
| قدر | : | اہمیت، قیمت |
| کلام | : | بات کرنا |

## 2. غور کیجیے

- نظم میں گائے اور بکری کی گفتگو سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ انسان اگر جانوروں سے کام لیتا ہے تو وہ اُن کی دیکھ بھال اور آرام کے سامان بھی کرتا ہے۔
- عقل مند صرف بڑے ہی نہیں چھوٹے بھی ہو سکتے ہیں۔

## 3. سوچیے، بتائیے اور لکھیے

(الف) بکری چرتے چرتے کہاں نکل آئی؟

(ب) بکری نے گائے سے کیا سوال کیا؟

(ج) گائے نے اِنسان کی کِن بُرائیوں کا ذکر کیا ہے؟

(د) بکری نے گائے کو کس طرح تسلّی دی؟

(ہ) آخر میں گائے نے کیا کہا؟

© NCERT not to be republished

## 4. اِن مصرعوں کو اشارے کے مطابق صحیح ترتیب سے خالی جگہ میں لکھیے

| | |
|---|---|
| (الف) دوُدھ کم دوں تو بڑبڑاتا ہے | لُطف سارے اُسی کے دَم ہیں |
| (ب) یہ مزے آدمی کے دَم سے ہیں | اور کچھ سوچ کر کہا اُس نے |
| (ج) گائے سن کر یہ بات شرمائی | ہوں جو دُبلی، تو بیچ کھاتا ہے |
| (د) دِل میں پرکھا بھلا بُرا اُس نے | ہے مصیبت میں زِندگی اپنی |
| (ہ) کٹ رہی ہے بُری بھلی اپنی | آدمی کے گِلے سے پچھتائی |

- ..............................................................................................
- ..............................................................................................
- ..............................................................................................
- ..............................................................................................
- ..............................................................................................

© NCERT not to be republished

## 5. نیچے چند حروف لکھے ہوئے ہیں جن کے بیچ کا حرف غائب ہے۔ وہاں کوئی ایسا موزوں حرف لکھیے جس سے دونوں طرف سے پڑھنے میں دو مختلف بامعنی الفاظ بن جائیں

مثال : ن ...ا... ک

سیدھی ترتیب : ناک

الٹی ترتیب : کان

(الف) ت ...... ر　　(ب) ب ...... ت

(ج) ل ...... گ　　(د) پ ...... ن

(ہ) ش ...... ل　　(و) ز ...... ر

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سیدھی ترتیب | | | | | | |
| الٹی ترتیب | | | | | | |

### 6. دیے ہوئے لفظوں سے جملے بنائیے

ندی　　گائے　　آدمی　　بکری　　زندگی

### 7. ان لفظوں میں سے مذکّر اور مؤنّث الگ الگ لکھیے

آرام　　بکری　　دِل　　گائے　　کلام　　مِزاج　　مصیبت　　زِندگی

بچّہ　　جان　　ماجرا　　گِلہ　　گھاس　　دَم　　دبلی　　چراگہ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکّر | | | | | | | | |
| مؤنّث | | | | | | | | |

### 8. یہ الفاظ جن مصرعوں میں استعمال ہوئے ہیں ان مصرعوں کو لکھیے

شرمائی　　قدر　　پرکھا　　لُطف

- ..........................................................
- ..........................................................
- ..........................................................
- ..........................................................

### 9. اِن مصرعوں کے لفظوں کو صحیح ترتیب سے لکھیے

(الف) پایا گائے اک کو کھڑے پاس ..........................................

(ب) کوئی بھلا آدمی سے کرے نہ ..........................................

(ج) اِس کو پالتی کے ہوں بچّوں میں ..........................................

(د) اور یہ ہری گھاس یہ سایا ..........................................

© NCERT not to be republished

## 10. بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

ندی ............ ............ ............ ............ ............

جُھک کر ............ ............ ............ ............ ............

سلیقہ ............ ............ ............ ............ ............

ٹھنڈی ............ ............ ............ ............ ............

پچھتائی ............ ............ ............ ............ ............

© NCERT not to be republished